© rasailojaraid.com



# رسید تحائفِ احباب

مجلہ فقہ اسلامی کے قارئین اور ہمارے بعض محبین نے حسب ذیل علمی تحائف ہمیں بھیجے ہیں ہم اپنے ان احباب کا شکریہ ادا کرتے ہیں اور اللہ تعالی سے دعاء گو ہیں کہ وہ مرسلین کو اجر جزیل سے سرفراز فرمائے (آمین) (واضح رہے کہ یہ تحائف کی وصولی کی رسید ہے کوئی تبصرہ نہیں اور نہ ہم خود کو کسی تبصرہ کا اہل خیال کرتے ہیں)۔ مجلس ادارت۔

اس بار موصول ہونے والے تحائف میں اول نمبر پر وہ تحفہ ہے جو جناب مفتی جان محمد نعیمی صاحب نے اس روز عنایت فرمایا جب راقم کو سجادہ نشین گڑھی شریف (رحیم یار خان) حضرت پیر غلام قطب الدین فریدی صاحب دامت برکاتہم کو مفتی صاحب سے ملوانے کے سلسلہ میں پیر صاحب کی معیت میں دار العلوم مجددیہ نعیمیہ جانے کا اتفاق ہوا۔ یہ تحفہ دار النعیمی کی ایک مطبوعِ تازہ ...... الرسائل الخمس ...... کا ہے۔ کتاب معروف فقیہ علامہ محدث محمد عابدی السندی (م ۱۲۵۷ھ) الانصاری کی ہے۔ عربی میں تحریر شدہ اس کتاب میں جو پانچ رسائل شامل ہیں ان کے عنوانات حسب ذیل ہیں:.......

التوسل واحكامه وانواعه......

تقبيل الصحابه يد رسول الله ﷺ وراسه الشريف وحكم التقبيل عامة......

الصارم المسلول على من انكر ب عبدالنبى وعبد الرسول......

حكم اطعام الطعام فى مناسبات الفرح او الترح......

كرامات الاولياء والصالحين والتصديق بها............

مصنف ماشاء اللہ اپنے دور کے مدینہ منورہ کے علماء کے امام رہے ہیں ان کا اسم گرامی ان کی تصانیف شائع کرنے والے بڑے اہتمام سے لکھتے ہیں "رئيس علماء المدينة المنورة فى عصره" کتاب پر جن شامی علماء کی تقاریظ ہیں ان میں جناب ڈاکٹر خضر الشحرور، (مدیر اوقاف محافظة ریف الدمشق) الشیخ عبدالعزیز خطیب الشافعی (المشرف العام معهد التهذيب والتعليم بدمشق) ڈاکٹر فرید محمد الخطیب (مدیر معهد الدولی للعلوم الشرعية والعربية بدمشق) ڈاکٹر محمد یوسف الریحی (استاذ التفسیر و علوم القرآن فی کلية الشريعة بجامعة دمشق) شامل ہیں۔

کتاب کی اشاعت عرب دنیا کے اسٹائل پر ہوئی ہے اور یہ فیضان ہے مفتی محمد جان صاحب

☆یقین شک کی وجہ سے زائل نہیں ہوتا☆ (فقہی ضابطہ)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



نعیمی کے برادرِ عزیز مولانا محمد نذیر نعیمی صاحب کو اور مولانا رحمت اللہ صاحب کو شام میں علوم اسلامیہ و عربیہ کی تکمیل کے لئے بھیجنے کا...... کہ انہوں نے وہاں رہ کر نہ صرف تکمیل علوم کی بلکہ تحصیل فنون بھی کی اور علماء شام سے اکتساب فیض کر کے اپنے ادارہ کی نیک نامی میں اضافہ کیا۔ اور اب مفتی صاحب کے بھتیجے اور صاحبزادے بھی شام سے ہو کر آئے ہیں۔ امید ہے ان کی آمد اپنے ساتھ مزید علمی تحائف لائے گی۔

کتاب ۱۴۷ صفحات پر مشتمل ہے اور عمدہ کاغذ اور معیاری جلد و غلاف کے ساتھ شائع ہوئی ہے قیمت درج نہیں، کتاب حاصل کرنے کیلئے دارالعلوم مجددیہ نعیمیہ صاحبداد گوٹھ ملیر کراچی سے رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

موصولہ تحائف میں ایک اور کتاب فکر غامدی ’’ایک تحقیقی و تجزیاتی مطالعہ‘‘ ہے۔ مصنف ڈاکٹر حافظ محمد زبیر ہیں جو کہ سرگودھا یونیورسٹی کے اسسٹنٹ پروفیسر ہیں۔ کتاب کے نام ہی سے مدعا و مقصود، واضح ہے اور مندرجاتِ کتاب بھی۔ صاحبِ کتاب نے غامدی صاحب کے نظریات کا دلائل سے رد کیا ہے اور درج ذیل ابواب قائم کئے ہیں:۔

دین کے منتقل اور حجت ہونے کا بنیادی ذریعہ اجماع یا خبرِ واحد؟

جاوید احمد غامدی صاحب کا تصور قرآن۔

جاوید احمد غامدی صاحب کے اصولِ تفسیر۔

جاوید احمد غامدی صاحب کا تصور سنت۔

جاوید احمد غامدی صاحب کا تصور فطرت۔

جاوید احمد غامدی صاحب کا تصور خیر و شر اور حلال و حرام۔

جاوید احمد غامدی صاحب کا تصور کتاب۔

کتاب مکتبہ رحمۃ للعالمین غازی روڈ نذیر پارک لاہور کی جانب سے شائع کی گئی ہے۔

کتاب ۴۲۴ صفحات پر مشتمل ہے اور اس کی قیمت ۴۰۰ روپے ہے۔ بہترین کاغذ، خوبصورت مجلد و مغلف جلد، گیٹ اپ غامدی صاحب کے ذوق کے عین مطابق۔ اور طرز گفتگو انہی کی پسند کا ہے اگرچہ ان کے خلاف ہے۔ زبیر صاحب اس کتاب کی اشاعت پر خوب خراج تحسین وصول کر رہے ہیں۔ کسی کرم فرما نے ہمیں یہ کتاب ہمراہ چند دیگر کتب کے ارسال فرمائی ہے معلوم نہیں ہوسکا کیونکہ ڈاک کا لفافہ یا ریپر کہیں ضائع ہوگیا۔ براہِ کرم جس مہربان نے یہ کرم فرمایا ہے وہ شکریہ قبول فرمائیں اور مطلع بھی فرمائیں کہ اس شہید شدہ ریپر میں آپ نے کون کونسی اور کتنی کتابیں بھجوائی ہیں۔ فجزاکم اللہ احسن الجزاء۔

☆ الایمان مبنیة علی الالفاظ لا علی الاغراض ☆ قسم کا دارومدار الفاظ پر ہوتا ہے اغراض پر نہیں ☆

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کتابوں کا ایک اور سیٹ جس میں بعض کتب اور بعض رسائل بھی ہیں ہمارے مہربان جناب صاحبزادہ بدرالاسلام صدیقی صاحب نے جہلم سے بھجوائی ہیں۔ ان میں ایک کتاب ''چراغ ہدایت سید الشہداء'' نام کی ہے۔ کتاب میں حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ کی حیات وسیرت سے چند پھول چن کر ایک گلدستہ کی صورت میں پیش کرنے کی سعی کی گئی ہے۔ سرورق شہادت کا پتہ دیتا ہے۔ خاندان سیدنا حمزہ رضی اللہ عنہ کی چیدہ چیدہ شخصیات کے مختصر احوال کے علاوہ اس کتاب میں شہدائے احد کے اسماء مبارکہ شامل ہیں۔ آخر میں بعض تصاویر بھی ہیں جو مزارات ومقامات مقدسہ کی ہیں اور نایاب ہیں۔ ۱۳۰ صفحات کی اس کتاب کا ہدیہ درج نہیں۔ کتاب مجلد اور عمدہ کاغذ پر طبع ہوئی ہے۔

جناب صاحبزادہ بدرالاسلام صاحب نے دیگر کتب بھی ہمراہ کی ہیں جو حسب ذیل ہیں:۔

حضرت مولانا شاہ معصوم فاروقی مجددی کا رسالہ احسن الکلام فی اثبات المولد والقیام

ادعیہ ماثورہ للحج ............ الطیب من کلام الحبیب

الاسعال شرح بانت سعاد...... اثبات المولد والقیام از شاہ احمد سعید مجددی دہلوی

رسالہ سبل الرشاد............ حیاء......ایمان کی ایک شاخ

تحقیق الحق المبین فی اجوبۃ مسائل اربعین، شیخ احمد سعید مجددی دہلوی

دلیل زائر حرمین............ تذکرہ سلطانیہ، ڈاکٹر معین نظامی

یہ تمام کتب ورسائل اپنے موضوعات کے اعتبار سے اہم اور قابل مطالعہ ہیں۔ کتب مکتبہ الفجر جی ٹی روڈ سرائے عالمگیر اور دارالعلوم سلطانیہ جہلم سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔ رب کریم مصنفین کو اجر جزیل عطا فرمائے۔

عالمِ اسلام کو

نیا اسلامی سال مبارک ہو

☆ لاثواب الا بالنیۃ ☆ (فقہی ضابطہ)

© rasailojaraid.com